پریس ریلیز

جنرل ہسپتال: 40 سال تک نرسنگ کے شعبے سے وابستہ انور سلطانہ کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد

ڈاکٹرز کے علاوہ مریضوں کیلئے نرسز کا کردار مساوی اہمیت کا حامل ہے :پروفیسر الفرید ظفر

ایل جی ایچ کی نرسز نے انسانیت کی خدمت کرکے اپنے شعبے کا پرچم بلند کیا :پرنسپل پی جی ایم آئی

نرسز کی ذمہ داریاں چیلنج سے کم نہیں ، مقررین کا انور سلطانہ کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین

لاہور2 دسمبر:...... پرنسپل پوسٹ گریجو یٹ میڈ یکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈ یکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ میڈ یکل کا شعبہ نرسنگ کے بغیر کسی طور پر مکمل نہیں ہوتا، مریضوں کے علاج معالجے، تیمارداری اور انہیں شفا سے ہمکنار کرنے میں ڈاکٹرز کے علاوہ نرسز کا کردار بھی مساوی اہمیت کا حامل ہے جبکہ ڈینگی اور کورونا وباء کے دوران بھی نرسز نے اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر مریضوں کے لئے شاندار خدمات سرانجام دیں جن کا اعتراف قومی بین الاقوامی سطح پر بھی کیا گیا۔مزید برآں لاہور جنرل ہسپتال کی نرسز اس معاملے میں ہمیشہ صف اول میں نظر آئیں ہیں جنہوں نے انسانیت کی خدمت کرکے اپنے شعبے کے پرچم کو بلند رکھا۔ان خیالات کا اظہار پروفیسر الفرید ظفر نے چالیس سال تک خدمات سرانجام دے کر سبکدوش ہونے والی نرسنگ آفیسر انور سلطانہ کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ڈپٹی چیف نرسنگ سپر نٹنڈنٹ رمضان بی بی، رانا پرویز، خالدہ تبسم، تسلیم مصطفیٰ، نسیم خالق، فضیلت، ندرت مختار، صدف رفیق، عظمیٰ یاسین سمیت نرسز کی بڑی تعداد موجود تھی۔رمضان بی بی نے کہا کہ نرسز کی ذمہ داریاں چیلنج کا درجہ رکھتی ہیں تاہم اس مشکل شعبے کو اختیار کرنے والی نرسز یا خواتین دکھی انسانیت کی خدمت کرکے دونوں جہانوں میں سرخرو ہوتی ہیں۔نرسنگ سٹاف نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ نرسنگ سپروائزر انور سلطانہ نے ہر مشکل وقت میں رہنمائی کی اور وہ ذاتی طور پر پیش پیش رہتی تھیں۔

اس موقع پر مقررین نے انور سلطانہ کی خدمات کو سراہا جبکہ انور سلطانہ نے تقریب کے منتظمین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے 1980 میں نشتر میڈ یکل کالج سے نرسنگ کی تعلیم وتربیت مکمل کی اور ملازمت کا آغاز کیا اور جنرل ہسپتال سے باعزت ریٹائرمنٹ باعث اعزاز ہے۔انور سلطانہ کا مزید کہنا تھا کہ پرنسپل نشتر میڈ یکل کالج پروفیسر ڈاکٹر حیات ظفر ہمیشہ ہیلتھ پروفیشنلز کو مریضوں کی دیکھ بھال کا درس دیتے تھے اور ان کا ایک ہی ویژن تھا کہ انسانی جان سے بڑھ کر کوئی چیز مقدم نہیں لہذا نگہداشت کے ساتھ ساتھ مریضوں کو صحت یاب ہونے کی تسلی دے کر ان کا حوصلہ بڑھایا کریں، انہوں نے کہا کہ آج میں اُن کے صاحبزادے پرنسپل پی جی ایم آئی، اے ایم سی، ایل جی ایچ پروفیسر الفرید ظفر کے ادارے سے سبکدوش ہو رہی ہوں۔انور سلطانہ کے اس انکشاف پر نرسنگ سٹاف نے خوشی کا اظہار کیا اور تالیاں بجائے۔تقریب کے اختتام پر نرسنگ سٹاف نے انور سلطانہ کے مستقبل کے لئے دعائیں کیں اور پھول وتحائف دے کر رخصت کیا جبکہ اُن کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا۔تقریب میں شرکت کرنے والوں میں وکٹری شاد، عائشہ نیامت، شہناز خالد، صباء پرویز، انعم، صبا اشفاق، فرحت منظور، فرحانہ، جمیلہ ودیگر موجود تھیں۔

☆☆☆☆

نرسنگ آفیسر انور سلطانہ کا 40 سال کی ملازمت کے بعد ریٹائرمنٹ کے موقع پر لاہور جنرل ہسپتال میں نرسز کے ہمراہ گروپ فوٹو